DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

WEDNESDAY, JUNE 26, 2024

جلد نمبر 30 | بدھ 19 ذوالحج 1445ھ 26 جون 2024ء 12 ہاڑ 2081ب | شمارہ 114

فون نمبر: 051-2891830 ۔ فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 8 قیمت 30 روپے

وفاقی محتسب: پمز میں ڈاکٹرز کی اسامیاں پر کرنے کی ہدایت

ایمرجنسی میں ڈاکٹروں کی تنخواہیں فوری ادا، تمام وارڈز میں پنکھے لگائے جائیں

اسلام آباد (نامہ نگار، نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پمز ہسپتال کی انتظامیہ کو ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی خالی اسامیاں پر کرنے کیلئے ضروری اقدامات، نئی ایم آر آئی مشین نومبر تک فنکشنل کرنے، ایمرجنسی میں ڈاکٹرز کو زیر التوا تنخواہیں فوری ادا کرنے کی ہدایت کر دی۔ ایمرجنسی میں بیڈز کا اضافہ اور تمام وارڈز میں پنکھے لگانے کی بھی ہدایت کی گئی۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات گزشتہ روز پمز ہسپتال کا دورہ کرنے والی معائنہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد دیں۔